JHARKHAND COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING,RANCHI

CALSS 8th SUBJECT-URDU

Model Question Paper

Session-2023-24

Time- 1:00 Full marks-50

## Section -I

### غیر درسی سوالات۔

(سوال نمبر۔1-سے 8 تک)

ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیے گئے سوالات کا جواب دیجئے۔

موجودہ دور میں سوشل میڈیا کا اثر ہمارے سماج کو بدلنے میں سب سے زیادہ ہوا ہے۔ چھوٹے بڑوں میں جو ایک ادبی دوری تھی اس دوری کو اس انداز سے سوشل میڈیا نے ختم کر دیا ہے کہ اب چھوٹے بڑوں میں ادب کا وہ سرا کہیں چھوٹ سا گیا ہے۔ سوشل میڈیا نے پوری دنیا کو ایک مٹھی میں لا دیا ہے۔ سوشل میڈیا کے جہاں بہت سارے فائدے ہیں وہیں اس کے بہت سارے نقصان بھی ہیں، اسکول کے چھوٹے چھوٹے بچے پڑھائی چھوڑ کر موبائل میں طرح طرح کے آن لائن گیم کھیلتے رہتے ہیں جس سے ان کی زندگی خراب ہو رہی ہے۔ ایسے میں والدین کی ذمہ داری بنتی ہے کہ بچوں کے ساتھ وقت گزارے، بچوں کو سوشل میڈیا اور طرح طرح کے آن لائن گیم کے نقصانات بتلائے، اسکول کے اساتذہ کو بھی چاہئے کپ بچوں کو موبائل گیم اور سوشل میڈیا کے بڑھتے رجحان کو مثبت انداز میں سمجھائے۔

سوال نمبر 1۔ موجودہ دور میں ہمارے سماج کو بدلنے میں سب سے زیادہ کس کا ہاتھ ہے۔

(A) انسان کا (B) جانوروں کا (C) کمپیوٹر کا (D) سوشل میڈیا کا

سوال نمبر۔2- چھوٹوں اور بڑوں میں جو ادبی دوری تھی اس کو کس چیز نے ختم کر دیا۔

(A) سوشل میڈیا نے (B) موبائل نے (C) لڑکوں نے (D) لڑکیوں نے

سوال نمبر۔3 سوشل میڈیا نے کس کو ایک مٹھی میں لے آیا ہے۔

(A) موبائل نے (B) پوری دنیا کو (C) انسانوں کو (D) جانوروں کو

سوال نمبر 4۔ سوشل میڈیا کی خاصیت کیا ہے۔

(A)بچوں کو برباد کر دیتا ہے (B) اس سے بات چیت ہوتی ہے (C) اس کے فائدے نقصان دونوں ہیں (D) اس کے صرف فائدے ہیں

سوال نمبر۔5۔ موبائل میں آن لائن گیم کھیلنے کا رجحان کن بچوں میں بڑھتا جارہا ہے۔

(A)چھوٹے چھوٹے اسکول کے بچوں میں (B) بوڑھوں میں (C) جوانوں میں (D) لڑکیوں میں

سوال نمبر۔6۔ بچے پڑھائی کو چھوڑ کر کس میں لگے رہتے ہیں۔

(A)کھیلنے کودنے میں (B) لڑائی کرنے میں (C) آن لائن گیم کھیلنے میں (D) کھانے پینے میں

سوال نمبر۔7۔ بچوں پر کس کو دھیان دینا چاہیئے۔

(A)اساتذہ کو (B) والدین کو (C) دونوں کو (D) سبھی صحیح ہے

سوال نمبر8-اوپر کے اقتباس کا صحیح موضوع کیا ہونا چاہیئے۔

(A)شوشل میڈیا اور چھوٹے بچے (B) والدین کی ذمہ داری (C) اساتذہ کی ذمہ داری (D) موبائل فون

# Section -II

## درسی کتاب/ حصہ نثر۔

(سوال نمبر 9 سے 15 تک)

ذیل کے عبارت کو غور سے پڑھیئے اور دیے گئے سوالات کا صحیح جواب ڈھونڈ کر لکھیئے۔

ہندوستان میں ہاکی کا کھیل انگریزوں کے ذریعہ سے پہنچا۔ 1885 میں ملک کا پہلا ہاکی کلب کلکتہ میں قائم ہوا۔ ہندوستان نے پہلی دفعہ 1928 کے اولمپک کھیلوں میں ہالینڈ کو فائنل میں ہرا کر ہاکی میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔ اس کے بعد تقریباً چالس سال تک ہندوستانی ٹیم ہاکی کھیل میں ساری دنیا پر بھائی رہی۔ ہندوستانی ہاکی کی تاریخ میجر دھیان چند کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی۔ وہ الہ آباد میں 1905 کو پیدا ہوئے۔

سوال نمبر 9۔ ہندوستان میں ہاکی کا کھیل کس کے ذریعہ سے پہنچا۔

(A) گورانی کے ذریعہ سے (B) انگریزوں کے ذریعہ سے (C) افریقیوں کے ذریعہ سے (D) ایرانیوں کے ذریعہ سے

سوال نمبر۔10۔ ملک کا پہلا ہاکی کلب کہاں قائم ہوا۔

(A)دہلی میں (B) ممبئ میں (C) رانچی میں (D) کلکتہ میں

سوال نمبر۔11۔ ہندوستان نے پہلی دفعہ اولمپک میں کس کو فائنل میں ہرایا تھا۔

(A)انگلینڈ کو (B) ہالینڈ کو (C) جرمنی کو (D) پاکستان کو

سوال نمبر12۔ ہندوستان کو اولمپک میں کب طلائی تمغہ ملا تھا۔

(A) 1928 (B) 1929 (C) 1930 (D)1931

سوال نمبر13۔ ہندستانی ہاکی کس کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی۔

(A) سچن تندولکر (B) میجر دھیان چند (C) میجر رام لاک (D) دھونی

سوال نمبر۔14۔میجر دھیان چند جین کب پیدا ہوئے۔

(A) 1905 (B) 1906 (C) 1907 (D)1908

سوال نمبر15۔میجر دھیان چند جین کہاں پیدا ہوئے۔

(A)کانپور (B) بنارس (C) الہ آباد (D) ایودھیا

ذیل کے سوالات کا صحیح جواب چن کر لکھئے۔

(سوال نمبر16 سے 30 تک)

سوال نمبر16۔جی آیا صاحب کہانی میں نوکر کا نام کیا ہے۔

(A)ابو بکر (B) اسلم (C) قاسم (D) انور

سوال نمبر۔17۔ صحیح جملہ کو چنئے۔

(A)آقا کی بیوی زنان خانے میں بیٹھی کپڑا دھو رہی تھی

(B) قاسم ہنستا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا

(C) برتن صاف کرتے وقت یہ لڑکا کچھ گنگنا رہا تھا۔ (D)ان میں سے کوئی نہیں۔

سوال نمبر۔18۔ قاسم انسپکٹر صاحب کے ہر حکم سے کیا کہتا تھا۔

(A)جی آیا صاحب (B) جی نہیں آیا صاحب (C) جی صاحب (D) ٹھیک صاحب

سوال نمبر19۔جاڑا گرمی اور برسات کے لڑائی کو کس نے حل کر دیا۔ (A) بڑی بی نے (B) چھوٹی بی نے (C) جاڑے نے (D) گرمی نے

سوال نمبر20۔جاڑا گرمی اور برسات کا آپس میں جھگڑا کیوں ہوا۔

(A)خود کو برا کہنے کی وجہ سے (B) خود کو اکیلا کہنے کی وجہ سے (C) خود کو اچھا کہنے کی وجہ سے (D) خود کو کام چور ثابت کرنے کی وجہ سے

سوال نمبر۔21۔میاں خوجی کس کہانی کا کردار ہے۔

(A)ایک مزیدار کہانی (B) نہ ہوئی قرولی (C) ہاکی اور ہاکی کا جادو گر (D) چچا کبابی دلی والے

سوال نمبر۔22۔بیمار لڑکی کے خوش ہونے کی کیا وجہ تھی۔

(A)گل عباس کو دیکھ کر خوش ہوئی (B) دوا سے خوش ہوئی (C) نرس سے خوش ہوئی (D) دوست سے خوش ہوئی

سوال نمبر۔23۔خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھریئے۔

اس کے ہاتھ۔۔۔۔تھے کہ یہاں آکر جان میں جان آئی

(A) گرم گرم (B) چمکیلے تھے (C) نرم نرم تھے (D) اچھے تھے

سوال نمبر۔24۔ صحیح جوار املا ئیے۔

(A)چچا کبابی دلی والے۔ ملا واحدی (B) کندن لال سہگل۔ شر ددت (C) ابن انشا جرمی میں۔ ابن انشا (D) سبھی صحیح ہے

سوال نمبر۔25۔ حضرت محل پارک کہاں ہے۔

(A)لکھنو میں (B) آگرہ میں (C) بنارس میں (D) کانپوری میں

سوال نمبر26۔ بیگم حضرت محل کا انتقال کہاں ہوا۔

(A)دلی میں (B) پٹنہ میں (C) رانچی میں (D) کھٹمنڈو میں

سوال 27۔ وطن کی طرف واپسی کو لکھنے والے کا نام کیا ہے،

(A)مولانا آزاد (B) پنڈت جواہر لال نہرو (C ) مہاتما گاندھی (D) سبھاش چندر بوس

سوال نمبر 28۔ ہندوستان کے پہلے وزیر مواصلات کون بنے۔

(A)رفیع احمد قدوائی (B) شاکر احمد بھوپالی (C) ابن انشا (D) قرہ العین حیدر

سوال نمبر۔29۔ قرۃالعین حیدر کے بارے میں کونسا جملہ صحیح ہے۔

(A)شاعرہ تھیں (B) ناول اور افسانہ نگار تھیں (C) مثنوی نگار تھیں (D) صحافی تھیں

سوال نمبر۔30۔ انشائیہ بچے کو کس نے لکھا ہے۔

(A)پطرس بخاری (B) ابن انشا (C) الطاف حسین حالی (D) سر سید احمد خان

سوال نمبر 31-ثریا جمیل بدھو اور ناز کس ڈرامے کا کردار ہے۔

(A)کھیتی (B) مہمان (C) بازار حسن (D) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر32۔ میزان کے کیا معانی ہیں۔

(A)ترازو (B) آناج (C) کھیتی (D) کشادگی

# Section -III

## درسی کتاب/ حصہ نظم۔

(سوال نمبر 33 سے 35)

ذیل کے عبارت کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کا صحیح جواب لکھئے۔

(سوال نمبر 33 سے 37 تک)

میں سوئی جو اک شب دیکھا یہ خواب

بڑھا اور جس سے مرا اضطراب

یہ دیکھا کہ میں جا رہی ہوں کہیں

اندھیرا ہے اور راہ ملتی نہیں

لرزتا تھا ڈر سے میرا بال بال

قدم کا تھا دہشت سے اٹھنا محال

جو کچھ حوصلہ پا کے آگے بڑھے

تو دیکھا قطار ایک لڑکوں کی تھی

سوال نمبر۔33۔درج بالا اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے۔(A) فلسطینی بچے کے لئے لوری (B) یہ ہے میرا ہندوستان (C) ماں کا خواب (D) شبنم

سوال نمبر۔34 شاعر کا اضطراب کیوں بڑھا۔

(A)سونے سے (B) خواب دیکھنے سے (C) بیدار رہنے سے (D) نیند نہ آنے سے

سوال نمبر۔35۔راہ کہاں نہیں ملتی ہے۔

(A)اندھیرے میں (B) اجالے میں (C) بارش میں (D) گرمی میں

سوال نمبر۔36۔شاعر کا بال بال کیوں لرزتا تھا

(A) غم سے (B) سائے سے (C) بادل سے (D) ڈر سے

سوال نمبر۔37۔ قطار میں کون تھے۔

(A)لڑکیاں (B) عورتیں (C) بوڑھے (D) لڑکے

ذیل کے عبارت کو غور سے پڑھئے اور خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھریئے۔

( سوال نمبر 38 سے 42 تک)

نئی ہوئی پھر رسم پرانی۔۔۔۔38۔۔۔۔۔کے دیپ جلے

شام سلونی رات سہانی دیوالی کے۔۔۔۔39۔۔۔جلے

دھرتی کا رس ڈول رہا ہے دور دور تک۔۔۔۔40۔۔۔۔کے

لہرائے۔۔۔41۔۔۔دھانی دیوالی دیپ جلے

سوال نمبر38۔ (A)ہولی (B) دیوالی (C) عید (D) تیج

سوال نمبر۔39۔ (A)دیپ (B) موم بتی (C) اگربتی (D) لالٹین

سوال نمبر40۔ (A)کھیتوں (B) ندیوں (C) جھیلوں (D) باغوں

سوال نمبر۔41۔ (A)کپڑا (B) قمیض (C) آنچل (D) دوپٹہ

سوال نمبر42۔درج بالا اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے۔

(A)ماں کا خواب (B) خواب آزادی (C) شبنم (D) دیوالی کے دیپ جلے

سوال نمبر۔43۔دیوالی کے دیپ جلے نظم کے لکھنے والے کا کیا نام ہے۔ (A)محمد اقبال (B) حالی (C) فراق گورکھپوری (D) چکبست

ذیل کے سوال کا صحیح جواب لکھئے۔

(سوال نمبر44 سے50 تک )

سوال نمبر۔44۔ صحیح جوڑ ملائے

(A)ماں کا خواب۔محمد اقبال (B) شبنم۔روش صدیقی (C) خواب آزادی۔روش صدیقی (D ) سبھی صحیح ہے

سوال نمبر45۔ نظم فلسطینی بچے کے لئے لوری کس نے لکھا ہے۔

(A)محمد اقبال (B) روش صدیقی (C) فیض احمد فیض (D) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۔46۔مت رو بچے تیری امی کی آنکھ لگی ہے۔سے کیا مراد ہے۔

(A)ماں کا انتقال ہو گیا ہے (B) ماں بیمار ہے (C) ماں سوگئی ہے (D) ماں جگی ہوئی ہے

سوال نمبر۔47۔شاعر نے خواب میں کیا دیکھا تھا۔

(A)آزادی (B) غلامی (C) شیطان کو (D) گاندھی جی کو

سوال نمبر۔48۔شبنم کو کیا پیارا ہے۔

(A)اپنا وطن (B) دوسروں کا وطن (C) کھیت (D) باغ

سوال نمبر۔49۔یہ شعر کس نظم سے لیا گیا ہے۔

راجہ رانی گڈا گڈی اور پریوں کی کہانی

بچوں کے جھرمٹ میں سنائے بیٹھ کے بوڑھی نانی

(A)یہ ہے میرا ہندوستان (B) میرا وطن (C) ترانہ آرزو (D) لو پھر بسنت آئی

سوال نمبر50۔یہ ہے میرا ہندوستان نظم کو کس نے لکھا ہے۔

(A)حالی نے (B) چکبست نے (C) فیض احمد فیض نے(D) زبیر رضوی نے

ANSWER KEY CLASS 8th

Model Question paper 2023-24

Subject-Urdu

1D-2A-3B-4C-5A-6C-7D-8A-9B-10D-11B-12A-13B-14A-15C-16C-17C-18A-19A-20C-21B-22A-23C-24D-25A-26D-27C-28A-29B-30B-31B-32A-33C-34B-35A-36D-37D-38A-39B-40A-41C-42D-43C-44D-45C-46A-47A-48A-49A-50D